| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (آٹھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'چ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'چ' کی پہچان اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے دو الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف ا، آ، ب، پ، ت، ٹ، ث اور ج کا تلفظ، آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'چ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔ اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'چ' ہے۔ یہ حرف تہجی کا نواں حرف ہے۔ اس کی شکل حرف 'ح' کی طرح ہوتی ہے۔ مگر اس کے اندر تین نقطے ہوتے ہیں۔ بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا آج ہم حرف 'چ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ اور حرف 'چ' کے ذخیرہ الفاظ (چوزہ، چاند، چاقو، چابی) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو حرف 'چ' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 52 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'چ' پر انگلی پھیرنے اور اس کی صوتی آواز بتانے کو کہا جائے گا۔ صفحہ نمبر 53 پر 'چ' کے الفاظ بتائے جائیں گے۔ بچوں کو رنگین کاغذ پر 'چ' کا پرنٹ دیا جائے گا۔ میز پر ایک پیالہ میں چاول رکھے جائیں گے۔ اور بچوں سے 'چ' پر چاول چسپاں کرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے کمرہ جماعت میں حرف 'چ' سے شروع ہونے والی اشیاء کی نشاندہی کرائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | حرف اور تصاویر فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ 52,53 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف 'چ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'چ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (آٹھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'چ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'چ' کی پہچان اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے دو الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی بچوں کو حرف 'چ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'چ' کی نظم سنائی جائے گی<br>چی چی کرتی آئی چڑیا دال دادانہ لائی چڑیا مور بھی آیا، کوا بھی آیا چوہا بھی آیا، بندر بھی آیا دال کا دانہ لائی چڑیا چی چی کرتی آئی چڑیا<br>حرف 'چ' سے شروع ہونے والی اشیاء دکھا کر اس کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 54 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'چ' کے گرد دائرہ لگا کر چاول چگنے میں چڑیا کی مدد کرنے کو کہا جائے گا۔<br>اختتامیہ:<br>بچوں سے حرف 'چ' کا درست تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ نمبر 55 کیجیے۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>ڈسپوزیبل گلاس گوگلی آنکھیں، گلو، اورنج چارٹ پیپر | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف 'چ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'چ' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (آٹھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'چ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'چ' کی پہچان اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'چ' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'چ' کی نظم دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف 'چ' کی کہانی سنیں گے۔<br>ایک باغ میں ایک چڑیا رہتی تھی۔ چڑیا کے دو دوست تھے۔ چوزہ اور چوہا چڑیا اور چوزہ روز چاول کھاتے تھے۔ چوہا ایک دن اُن کے لیے چنے لیکر آیا انہوں نے مزے سے کھائے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 56 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو 'چ' سے شروع ہونے والی تصاویر میں رنگ بھرنے اور 'چ' کو نقطوں کی مدد سے لکھنے میں بچوں کو مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے چڑیا، چوہا، چوزہ، چنے، چاول کی ابتدائی آواز کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ<br><br><br>10 منٹ<br><br><br><br>20 منٹ<br><br><br>5 منٹ | حرف اور تصاویر فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف 'چ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'چ' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (آٹھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'چ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'چ' کی پہچان اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'چ' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔<br>'چ' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا۔اس میں 'چ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'چ' سے شروع ہونے والے مزید الفاظ جانیں گے۔بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے چمچ ، چڑیا، چاول کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔اور بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>پلاسٹک کے چمچوں پر مارکر کی مدد سے 'ج' اور 'چ' لکھیں ۔ایک ٹوکری میں 'چ' کا فلیش کارڈ لگائیں ۔اور ایک میں 'ج' کا بچے کو کہیں کہ حرف 'چ' کو پہچانے 'چ' والا چمچ ٹوکری میں ڈالے۔ یہ عمل باری باری سب بچوں سے کروایئے۔Salt Tray کی مدد سے حرف 'چ' لکھنے کی مشق کرائیں۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 57 کھولنے کو کہا جائے گا۔'چ' پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے چابی، چمچ، چوزہ اور چاول کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔بچوں سے ہوا میں 'چ' لکھوایا جائے گا۔ | 5 منٹ<br><br><br><br>10 منٹ<br><br><br><br>20 منٹ<br><br><br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br><br>چمچ ٹوکری مارکر<br><br>کتاب صفحہ نمبر 57 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف 'چ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'چ' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (آٹھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'چ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'چ' کی پہچان اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف 'چ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 2منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف 'چ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'چ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے Sand Letters رحرف 'چ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'چ' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کر سکے۔ | 30منٹ | کاپی | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے بورڈ پر حرف 'چ' کی لکھائی کروائی جائے گی۔ | 3منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'چ' پر پنسل پھیریئے۔ | | | |